**فوری ریلیز کے لیے:** 29/9/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

**گورنر HOCHUL نے فن اور ثقافت کی تنظیموں کے لیے دستیاب 150$ ملین کی بے مثل سرمائے کی فنڈنگ کے مواقع کا اعلان کیا ہے**

***بڑے سرمائے کے پروجیکٹ کے لیے نئی فنڈنگ میں اضافی 100$ ملین شامل ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج سرمائے فنڈنگ کی مد میں 150$ ملین کا تاریخ ساز اعلان کیا جو کہ ریاست نیویارک کی کونسل برائے فنون کے سرمائے کے پروجیکٹس فنڈ کے ذریعے فنون اور ثقافت کی تنظیموں کے لیے دستیاب ہو گا۔ فنڈ کی دو گرانٹ زمرہ بندیاں ہیں: چھوٹے اور درمیانے درجے کی سرمائے کی اصلاحی گرانٹس اور بڑے سرمائے کی اصلاحی گرانٹس۔ اس بے مثال سرمائے میں 100$ ملین کی کثیر سالہ نئی فنڈنگ شامل ہے تاکہ بڑے پیمانے پر سرمائے کے ان پروجیکٹس کو سہولت فراہم کی جا سکے جو کمیونٹی کی ترقی اور جگہ سازی کو ترجیح دیتے ہیں۔ FY 2023 کے بجٹ میں فنون کے لیے پہلے سے ہی ریکارڈ سطح کی فنڈنگ کے بعد، فنون کے لیے سرمائے کے پروجیکٹس کے لیے یہ ریاست کا NYSCA سے اب تک کا سب سے بڑا عزم ہے۔ گورنر Hochul آج شام کے آخر میں کارنیگی ہال 2022-2023 سیزن کے افتتاح میں فنون کی حمایت کرنے کے اپنے عزم پر مزید بات کریں گی۔

"نیویارک کی فنون اور ثقافت کی تنظیمیں ہماری معاشی بہبود کو مضبوط کرتی ہیں، ہمارے تنوع اور شناخت کو فروغ دیتی ہیں، اور ہماری کمیونٹیز کو معاونت دیتی ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "NYSCA کو ریاستی فنڈنگ کا یہ ریکارڈ تنظیموں کی ایک وسیع رینج کو اشد ضروری بہتری کے پروجیکٹس شروع کرنے کی اجازت دے گا، تاکہ وہ نیویارک کے باشندوں کو ثقافتی تجربات سے مالا مال کرتے رہیں اور معاشی و کمیونٹی بنیاد کے طور پر ان کے کردار کو مزید آگے بڑھا سکیں۔"

NYSCA کے سرمائے کے پروجیکٹس فنڈ ان ثقافتی اداروں کی مدد پر توجہ مرکوز کریں گے جو سرمائے میں بہتری کے لیے سرمایہ کاریوں کی خاطر ریاستی فنڈنگ حاصل کرنے کے خواہاں ہیں جو تنظیموں کو متنوع سامعین کے لیے ثقافتی پروگرامنگ کو برقرار رکھنے اور بڑھانے، رسائی اور ماحولیاتی پائیداری کو فروغ دینے، ملازمتوں کا تحفظ اور ان کی تخلیق کرنے، اور بالآخر نیویارک کے فنون اور سیاحت کے شعبوں کی ترقی کا موقع فراہم کرتی ہیں۔

دو مواقع درج ذیل ہیں:

- **چھوٹے اور درمیانے درجے کے سرمائے کی اصلاحی گرانٹس برائے فنون و ثقافت:** یہ موقع کسی بھی سائز کے پروجیکٹس کو فنڈ دیتا ہے، جس میں 2$ ملین تک کی گرانٹ ہوتی ہے جو رسائی، ہنر مندی، ثقافتی ترقی، پائیداری، صحت اور حفاظت، اور ساختی اور تاریخی بہتریوں کو ترجیح دیتی ہے۔ مضبوط پروجیکٹس تنظیمی صلاحیت اور کمیونٹی کی ضروریات کے بارے میں باخبر فیصلوں کے ساتھ ڈیزائن میں عمدگی کو یکجا کرتے ہیں جو نیویارک بھر میں فنون اور ثقافت کی تنظیموں کے مستقبل پر مثبت اثر ڈالیں گے۔

- **بڑے سرمائے کی اصلاحی گرانٹس برائے فنون و ثقافت:** یہ کثیر سالہ موقع ریاست بھر میں فنون لطیفہ اور ثقافتی اداروں کو معاونت فراہم کرے گا جو مؤثر، بڑے پیمانے کی اصلاحیانہ سرمایہ قبول کر رہے ہیں۔ گرانٹس $2 ملین سے $10 ملین تک ان پروجیکٹس کے لیے ہوں گی جن کی کل لاگت $4 ملین یا اس سے زیادہ ہے۔ یہ فنڈنگ تنظیموں کو ترقی کی منازل طے کرنے کے لیے ثقافتی پروگرامز کو وسعت دینے، نئے اور متنوع سامعین تک پہنچنے، اور رسائی کو فروغ دینے کے لیے سرمایہ کاری میں معاونت دے گی۔ یہ گرانٹس تنوع، مساوات اور شمولیت کے سلسلے میں ریاست کے اہداف کو آگے بڑھانے میں بھی مدد کریں گی اور تمام درخواست دہندگان کو سماجی مساوات کے اقدامات اور رسائی کے ایسے منصوبوں کا پابند کرنے کی ضرورت ہو گی جو نیویارک کے تمام باشندوں کو خدمت فراہم کرتے ہیں۔

ان مواقع کے لیے درخواست کا پورٹل 30 ستمبر 2022، بروز جمعہ کو کھلے گا اور اس تک NYSCA کی ویب سائٹ [arts.ny.gov](arts.ny.gov) پر سے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ ریاست نیویارک کی تمام اہل غیر منافع بخش فنون اور ثقافتی تنظیموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ NYSCA کے سرمائے کے پروجیکٹس فنڈ کے لیے درخواست دیں۔ NYSCA درخواست کے عمل کے بارے میں ویبینارز کا انعقاد بھی کرے گا اور 12 جنوری، 2023 کی آخری تاریخ سے پہلے درخواست دہندگان کے لیے براہ راست مدد حاصل کرنے کے لیے متعدد ورچوئل آفس سیشنز کی میزبانی کرے گا۔

2018 سے، NYSCA نے گورنر اور مجلسِ قانون ساز کے تعاون سے تمام 10 ریاستی خطوں میں 204 سرمائے کی گرانٹس کی مد میں، کل $50 ملین فراہم کیے ہیں۔ یہ پروجیکٹس روزگار کی گنجائش میں اضافہ کرتے ہیں اور ثقافتی مقامات کو سیاحتی مقامات کے طور پر آگے بڑھاتے ہیں، نیویارک کی مہمان نوازی، کھانے پینے کی اشیاء اور ریٹیل کے شعبوں کو تقویت دیتے ہیں۔

سرمائے کے پروجیکٹس فنڈ کے علاوہ، NYSCA فنون کی تنظیموں اور فنکاروں کو $90 ملین غیر سرمایہ گرانٹس کی مد میں دے گا۔ ان گرانٹ وصول کنندگان کا اعلان کیلنڈر سال کے اختتام تک کیا جائے گا۔

**ریاست نیویارک کی کونسل برائے آرٹس کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Mara Manus نے کہا،** "نیو یارک کی طاقتور تخلیقی معیشت ایک عالمی ثقافتی رہنما کے طور پر ہماری ریاست کی بحالی میں ایک اہم محرک ہے۔ ہم NYSCA کے لیے FY2023 سرمائے کی فنڈنگ میں گورنر Hochul اور ریاستی مجلسِ قانون ساز کے بے مثال $150 ملین فراہم کرنے پر بے حد مشکور ہیں، اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ یہ پروجیکٹ ہماری معیشت، ہمارے مقامی ماحولیات، اور نیویارک کے تمام باشندوں کی صحت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔"

**ریاست نیویارک کونسل برائے آرٹس کی صدر Katherine Nicholls نے کہا،** "نیویارک بھر میں فنون اور ثقافت کی تنظیموں کے لیے یہ مواقع دستیاب کرنے کا ہمیں NYSCA میں اعزاز حاصل ہے۔ سرمائے کی فنڈنگ تنظیموں اور ان کی کمیونٹیز کے لیے تبدیلی کا باعث ہے - یہ پروجیکٹس روزگار کو فروغ دیتے ہیں، ثقافتی مقامات کو سیاحتی مقامات کے طور پر آگے بڑھاتے ہیں، اور ہمارے مہمان نوازی، خوراک اور ریٹیل شعبوں کو مضبوط کرتے ہیں۔ NYSCA کے عملے، کونسل اور ہماری فنون و ثقافت کی کمیونٹی کی جانب سے، میں گورنر Hochul اور ہمارے ریاستی قانون سازوں کو FY2023 کی اس تاریخی $150 ملین سرمائے کی گرانٹ فنڈنگ کے ساتھ نیویارک کی فنون اور ثقافت کی تنظیموں کے ساتھ ان کی بے لوث وابستگی پر سراہنا چاہتی ہوں۔ یہ سرمایہ کاری ہمارے شعبے کے مستقبل کو محفوظ بنائے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ہمارے ریاستی ثقافتی خزانے بڑھتے اور پھلتے پھولتے رہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Jose Serrano نے کہا،** "مجھے بہت خوشی ہے کہ $150 ملین ہمارے گرد و نواح میں ثقافتی مراکز کو بہتر بنانے اور بڑھانے کے لیے دستیاب کیے جائیں گے جو ہماری کمیونٹیز کو آگا دیتے، مربوط کرتے اور متاثر کرتے ہیں۔ فنون کو نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے قابل رسائی اور دستیاب رکھنا ہماری ریاست کی مسلسل ترقی اور صحت کے لیے بہت ضروری ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Brad Hoylman نے کہا،** "نیویارک میں فنون کا تجربہ کرنے کے لیے دنیا بھر سے لاکھوں لوگ آتے ہیں۔ ہماری عالمی شہرت یافتہ ثقافتی تنظیمیں ہمارے شہر اور ریاست کے لیے ایک اہم معاشی محرک ہیں، اور ہمیں اس صنعت کو فروغ دینے کے لیے ان تنظیموں میں سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت ہے۔ مجھے اس تاریخی فنڈنگ کی حمایت کرنے پر فخر ہے جس کا گورنر Hochul آج اعلان کر رہی ہیں تاکہ فنون کی رسائی اور پائیداری کو بڑھایا جا سکے، ان کی نشوونما اور اثرات کو معاونت دی جا سکے، اور نیویارک کے باشندوں کی آنے والی نسلوں کو متاثر کیا جا سکے۔"

**رکنِ اسمبلی Daniel O'Donnell نے کہا،** "فنون نیویارک کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔ فنون نہ صرف ہماری ریاست میں ہر کمیونٹی کا دل اور روح ہیں، بلکہ وہ معاشی حالات کو فروغ دینے، ملازمتیں پیدا کرنے، سرگرمی کو فعال کرنے، اور زندگیوں کو بہتر بنانے والے ہیں۔ پچھلے کئی سالوں سے، فنون اور ثقافتی تنظیموں نے پے در پے چیلنجز کا سامنا کیا ہے، اور بہت سے اب بھی جدوجہد کر رہے ہیں۔ یہ ریاست نیویارک میں فنون کی بحالی کا وقت ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ ریاست نیویارک پیش رفت کر رہی ہے اور سرمائے میں اضافے کے ذریعے فنون کے لیے تعاون فراہم کر رہی ہے، اس بات کو یقینی بنا کر کہ ہمارے فنون اور ثقافتی تنظیمیں آنے والے سالوں تک کامیابی کے لیے وسائل سے لیس ہوں گی۔"

**رکنِ اسمبلی Richard Gottfried نے کہا، "**یہ ریکارڈ فنڈنگ ریاست نیویارک کی ثقافت، معیشت اور ولولے میں ایک سرمایہ کاری ہے۔ ہماری ثقافتی تنظیمیں ہمارے کردار اور روح کا کلیدی حصہ ہیں۔ گورنر Hochul اور مجلسِ قانون ساز کی اس بے مثال حمایت کے ذریعے، ہم ان قابل پیمائش فوائد میں اضافہ کریں گے جو وہ ہماری کمیونٹیز، ہمارے شہروں اور ہماری ریاست میں فراہم کرتے ہیں۔"

**ریاست نیویارک کونسل برائے آرٹس کا تعارف**
کونسل برائے آرٹس فنون اور ثقافت کو تحفظ اور ترقی دیتی ہے جو ریاست نیویارک کو رہنے، کام کرنے اور دیکھنے کے لیے ایک غیر معمولی جگہ بناتی ہے۔ کونسل نیویارک کے تمام باشندوں کے اس حق کو برقرار رکھتی ہے کہ وہ ہماری کمیونٹیز، تعلیم، معاشی ترقی اور معیار زندگی میں فنون لطیفہ کی اہم شراکت کا تجربہ کریں۔ ریاست نیویارک میں فنون کی جاری بحالی میں مدد کے لیے، فنون کی کونسل FY 2023 میں ریکارڈ فنڈنگ فراہم کرے گی، جس میں فنون کی مکمل وسعت میں مدد فراہم کی جائے گی، جس میں فنون کی تعلیم اور کم نمائندگی والی کمیونٹیز کے لیے وقف حمایت بھی شامل ہے۔

کونسل برائے آرٹس فیلڈ میں رہنماؤں کو بلا کر اور تنظیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع اور معلوماتی وسائل فراہم کر کے نیویارک کی تخلیقی فضا کو مزید آگے بڑھاتی ہے۔ گورنر Nelson Rockefeller نے 1960 میں تخلیق کیا اور گورنر Kathy Hochul اور ریاست نیویارک کی مجلس قانون ساز کے تعاون سے جاری رکھی گئی، کونسل ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔ NYSCA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم NYSCA، http://www.arts.ny.gov کا Facebook پیج، Twitter @NYSCArts اور Instagram @NYSCouncilontheArts فالو اور وزٹ کریں۔

###